SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XVII مجریہ ۲۰۰۲
SINDH ORDINANCE NO.XVII OF 2002
سندھ یونیورسٹیز لاز (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲
THE SINDH UNIVERSITIES LAWS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۱۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV اور XXV کی دفعہ ۲۰ کی ترمیم
Amendment of section 20 of Sindh Act XXIV and XXV of 1972
۲۔ ۱۹۹٦ کے سندھ ایکٹ III، IV اور V کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم
Amendment of section 13 of Sindh Act III, IV and V of 1996
۳۔ ۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ XI کی ترمیم
Amendment of Sindh Act XI of 1986
۴۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس VIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Ordinance VIII of 2001

سندھ آرڈیننس نمبر XVII مجریہ ۲۰۰۲
SINDH ORDINANCE NO.XVII OF 2002

سندھ یونیورسٹیز لاز (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH UNIVERSITIES LAWS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۲۲ جون ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے صوبہ سندھ میں موجود یونیورسٹیز سے متعلقہ کچھ قوانین میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ صوبہ سندھ میں موجود یونیورسٹیز سے متعلقہ کچھ قوانین میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ یونیورسٹیز لاز (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV اور XXV کی دفعہ ۲۰ کی ترمیم

Amendment of section 20 of Sindh Act XXIV and XXV of 1972

۲۔ سندھ یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ میں، اور کراچی یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ کی دفعہ ۲۰ کی ذیلی دفعہ (۳) میں الفاظ "ہر سال تاریخوں پر دو مرتبہ" کے لیئے الفاظ "ہر سال تاریخ پر ایک مرتبہ" متبادل ہوں گے۔

۱۹۹۶ کے سندھ ایکٹ III، IV اور V

کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم
Amendment of section 13 of Sindh Act III, IV and V of 1996

۳۔ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷ میں، مہران یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷، سندھ ایگریکلچرل یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۷ اور قائد عوام یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۶ کی دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "ہر سال تاریخوں پر دو مرتبہ" کے لیئے الفاظ "ہر سال تاریخ پر ایک مرتبہ" متبادل ہوں گے۔

۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ XI کی ترمیم
Amendment of Sindh Act XI of 1986

۴۔ شاہ عبداللطیف یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۸۶ کی دفعہ ۲۱ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "ہر سال تاریخوں پر دو مرتبہ" کے لیئے الفاظ "ہر سال تاریخ پر ایک مرتبہ" متبادل ہوں گے۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس VIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Ordinance VIII of 2001

۵۔ لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز آرڈیننس، ۲۰۰۰ کی دفعہ ۲۲ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "ہر سال تاریخوں پر دو مرتبہ" کے لیئے الفاظ "ہر سال تاریخ پر ایک مرتبہ" متبادل ہوں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا